# چھتیس گڑھ مادھیمک شکشا منڈل، رائے پور

# छत्तीसगढ़ माध्यमिक शिक्षा मण्डल,रायपुर

कक्षा : 10 वीं
विषय : उर्दू सामान्य
समय : 3 घंटा
पूर्णांक : 100

ہائی اسکول سرٹیفیکٹ امتحان سال 2008-09
हाई स्कूल सर्टिफिकेट परीक्षा वर्ष 2008–09
मॉडल प्रश्न पत्र ماڈل سوالیہ پرچہ

درجہ: 10 ویں
مضمون: جنرل اُردو
وقت: 3 گھنٹے
کل نمبرات: 100

ہدایت: سبھی سوالات حل کرنا لازمی ہے۔

(حصہ نثر)

جواب صاف اور خوش خط لکھیئے۔

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیئے:

سوال:1: ابّو خاں کو کس بات کا مشوق تھا؟ 02

سوال:2: ایک رات گشت کرتے ہوئے حضرت عمر نے کیا دیکھا؟ 02

سوال:3: سعدی نے خواب سے کیا سبق حاصل کیا؟ 02

سوال:4: سبھاش چندر بوس کا نعرہ کیا تھا انہوں نے اپنی فوج کا کیا نام رکھا؟ 02

سوال:5: دلی میں 26 جنوری کو پریڈ میں کس کو سلامی دی جاتی ہے؟ 02

سوال:6: درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجیئے: 02

''امیر خسرو فارسی کے بڑے شاعر تھے انکی شخصیت ہندوستانی اور ایرانی دو تہذیبوں کا سنگم تھی انھیں اپنے وطن ہندوستان اور اسکی ہر چیز سے بے حد محبت تھی۔ انھوں نے فارسی کے علاوہ ہندوستان کی راجدھانی دہلی میں بولی جانے والی کھڑی بولی میں پہلی بار گیت اور دوہے لکھے یہی کھڑی بولی آگے چل کر اُردو کہلائی''۔

سوال:7: درج ذیل سبق سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیئے: 02

(1) سچا انصاف (2) سبھاش چندر بوس (3) نئی روشنی

سوال:8: نیچے لکھے جملوں کے صحیح جوڑے بنائیے: 02

| | | |
|---|---|---|
| 1 | آزادی کی خواہش اتنی آسانی سے | سردار تھا۔ |
| 2 | حاتم طائی | دشمن کو بھی دوست بنا سکتے ہیں۔ |
| 3 | حاتم طے قبلے کا | آگ بگولہ ہو جاتا تھا۔ |
| 4 | بادشاہ حاتم کا نام سن کر | کی سخاوت مشہور ہے۔ |

5 حاتم غریبوں اور کمزوروں | کسی کے دل سے نہیں جاتی۔
6 نیکی اور احسان سے | کی مدد کرتا تھا۔

سوال:9: درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کے ساتھ کیجیئے: 04

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری | زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری
دور دنیا کا میرے دم سے اندھیرا ہو جائے | ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہو جائے

سوال:10: چمن کی زینت کس چیز سے ہوتی ہے؟ 02

سوال:11: جگنو کب اور کس موسم میں چمکتے ہیں؟ 02

سوال:12: ننھی پجارن کہاں آئی ہے؟ 02

سوال:13: نظم ایکتا سے کیا نصیحت ملتی ہے؟ 02

سوال:14: کام کرنے کے کیا فائدے ہیں اور نہ کرنے کے کیا نقصان ہیں؟ 02

سوال:15: اپنی کتاب کی کسی ایک نظم کے تین اشعار لکھیئے جو اس پرچہ میں نہ ہوں؟ 02

سوال:16: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیئے؟ 02

بچہ اور جگنو ، ننھی پجارن

(قواعد)

سوال:17: (ا) اسم معرفہ اسم نکرہ کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیئے؟ 02

(ب) درج ذیل جملوں میں اسم ضمیر چھانٹیے اور لکھیئے:

(1) تم اپنی کتاب پڑھو | (2) ہم بازار جا رہے ہیں۔
(3) تم امتحان میں کامیاب ہو گئے | (4) میرا اسکول دور ہے۔

سوال:18: فعل فاعل اور مفعول چن کر لکھیئے: 02

(ا) بلّی نے دودھ پیا۔ (2) خالد نے سبق یاد کیا (3) رتن خط لکھا (4) صبا نے کتاب پڑھی

(ب) زمانہ کسے کہتے ہیں؟ اُسکی قسمیں لکھیئے؟

سوال:19: درج ذیل مذکر مونث بنائیے: 02

نوکر ،راجا، مور،شوہر

سوال:20: درج ذیل الفاظ کی ضد لکھیئے: 02

خوبصورت، تاریکی ،صبح،خوشی

سوال:21: درج ذیل الفاظ کی واحد جمع بنایئے: 02

طوطا،خط،خبر،غزل

سوال:22: املے کی غلطی درست کیجیئے: 02

کھر گوش،آجادی،وتن،در.جی

(ترجمہ نگاری)

سوال:23: اُردو میں ترجمہ کیجیئے: 03

हमारे शहर का नाम रायपुर है ।
हमें आपस में मिल जुल कर रहना चाहिए ।
इल्म हासिल करना जरूरी है ।

سوال: 24: हिन्दी में तरजुमा कीजिए । 03

پرانے زمانے میں لوگ لمبے لمبے خط لکھتے تھے۔
پھیری والے دوکان لے کر نہیں بیٹھتے۔
زندگی زندہ دلی کا نام ہے۔

(خطوط نویسی)

سوال:25: اپنے پرنسپل صاحب کو دو دن کی چھٹی کے لئے درخواست لکھیئے: 06

یا

اپنے والد صاحب کو خط لکھیئے جس میں اپنی سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

سوال:26: غیر درسی مطالعہ 05

نوٹ: عبارت کو بغور پڑھ کر سوالوں کے جواب تحریر کیجئے:

تاج محل شاہ جہاں بادشاہ نے اپنی بیگم ممتاز محل کے انتقال کے بعد اسکی یاد میں بنوایا تھا۔ ممتاز محل سے وہ بے انتہا محبت کرتا تھا بیگم نے مرتے وقت وصیت کی تھی کے میرے مرنے کے بعد ایک ایسی عمارت بنوائی جائے جو ہماری محبت کی نشانی ہو اور یہی ہوا۔ اسکے بننے میں 22 سال لگے۔ تاج محل جمنا ندی کے کنارے ہے یہ ایک بہت خوبصورت عمارت ہے یہ ایک زندہ جاوید محبت کی نشانی ہے اسکی نقاشی قابل تحسین ہے۔

سوالات: 1 تاج محل کو کس نے بنوایا؟

2 تاج محل کس کی نشانی ہے؟

3 تاج محل کس ندی کے کنارے ہے؟

4 ممتاز محل کون تھی؟

5 اس نے کیا وصیت کی تھی؟

سوال:27: مندرجہ بالا عبارت (اقتباس) کا خلاصہ لکھئے: 05

سوال:28: مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھئے: 04

رب، تمناّ ،گشت، بیت المال، آفتاب، التجا، گفتگو، صحرا

سوال:29: مندرجہ ذیل محاوروں کے معنی لکھکر جملوں میں استعمال کیجیئے ۔ 04

(1) آنکھیں دکھانا (2) نو دو گیارہ ہونا (3) ہوش اڑ جانا (4) عید کا چاند ہونا

سوال:30: دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے ۔ 04

(1) کوئی بھی تہوار

(2) سائنس کے کرشمے

(3) قومی رہنما

(4) کمپیوٹر کے فوائد

(5) بڑھتی ہوئی آبادی اور بے روزگاری۔

xxxxxxxxxxxxxx